www.dailypakistan.com.pk

ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

★★★★★★★ لاہور۔ راولپنڈی/اسلام آباد۔ کراچی۔ ملتان اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونے والا موثر ترین قومی اخبار 65-35404061

روزنامہ پاکستان لاہور

THE DAILY PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی

ایڈیٹر: عمر مجیب شامی

جلد 36 | جمعۃ المبارک 12 شوال 1446ھ، 11 اپریل 2025ء 28 چیت 2081 ب، صفحات 8 قیمت | شمارہ 33

# فوری انصاف کی فراہمی وفاقی محتسب کا نصب العین، اعجاز قریشی

## عوام کو وکیل اور فیس کے بغیر انصاف فراہم کیا جاتا ہے، وفاقی محتسب کی گفتگو

ساہیوال (بیورو رپورٹ/ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا بنیادی نصب العین ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا اداروں پر اعتماد بحال کرنا گڈ گورننس کے لئے ضروری ہے اور عوام تک آسان رسائی سے ہی مسائل حل ہوں گے انہوں نے ان خیالات کا اظہار ساہیوال میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ریجنل ایڈوائزر عنائت اللہ دولہ، صدر ساہیوال پریس کلب محمد نعیم شیخ اور ڈپٹی ڈائریکٹر یاسر ملک بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی گیس، میپکو، لیسکو، ریلوے، ایف آئی اے، کسٹمز، نادرا، پاسپورٹ، ای او بی آئی سمیت تمام وفاقی اداروں کے خلاف عوامی شکایات سنی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریلیف کے لئے عوام کو نہ وکیل کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی کوئی فیس ادا کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 25 ریجنل آفسز قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریجنل آفسز کے قیام سے دور دراز علاقوں کے سائلین کو بڑا ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کارکردگی کے حوالے سے بتایا کہ وفاقی محتسب نے سال 2024 میں 2 لاکھ 26 ہزار سے زائد سائلین کو ریلیف پہنچایا اور 93 فی صد درخواستوں پر دادرسی کی گئی۔

www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر: عبدالباقی کاکڑ

جلد: 15 | جمعۃ المبارک 12 شوال المکرم 1446ھ 11 اپریل 2025ء 28 چیت 2082 ب صفحات: 26 قیمت 35 روپے | شمارہ: 22




وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ساہیوال میں ریجنل آفس کا افتتاح کر رہے ہیں
کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید اور ریجنل ایڈوائزری عنائت اللہ دولہ بھی ہمراہ ہیں

# عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا بنیادی نصب العین ہے: اعجاز احمد قریشی

## عوام کا اداروں پر اعتماد بحال کرنا گڈ گورننس کے لئے ضروری ہے اور عوام تک آسان رسائی سے ہی مسائل حل ہونگے

### ساہیوال میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا افتتاح پر گفتگو، کمشنر شعیب اقبال سید، عنائت اللہ دولہ اور دیگر بھی شریک

ساہیوال (چوہدری اشرف سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا بنیادی نصب العین ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا اداروں پر اعتماد بحال کرنا گڈ گورننس کے لئے ضروری ہے اور عوام تک آسان رسائی سے ہی مسائل حل ہونگے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ساہیوال میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ریجنل ایڈوائزر عنائت اللہ دولہ، صدر ساہیوال پریس کلب محمد نعیم شیخ اور ڈپٹی ڈائیریکٹر یاسر ملک بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی گیس، میپکو، لیسکو، ریلوے، ایف آئی اے، کسٹمز، نادرا، پاسپورٹ، ای او بی آئی سمیت تمام وفاقی اداروں کے خلاف عوامی شکایات سنی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریلیف کے لئے عوام کو نہ وکیل کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی کوئی فیس ادا کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 25 ریجنل آفسز قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریجنل آفسز کے قیام سے دور دراز علاقوں کے سائلین کو بڑا ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کارکردگی کے حوالے سے بتایا کہ وفاقی محتسب نے سال 2024 میں 2 لاکھ 26 ہزار سے زائد سائلین کو ریلیف پہنچایا اور 93 فی صد درخواستوں پر دادرسی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے نے حکومت پر عوام کے اعتماد کو بحال کیا۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے وفاقی محتسب کو ساہیوال ڈویژن میں عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے اٹھائے گئے انتظامات بارے بتایا۔ ریجنل ایڈوائزر عنائت اللہ دولہ نے کہا کہ ساہیوال ڈویژن کے عوامی مسائل حل کرنے کے لئے ریجنل آفس اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سائلین مسائل کے حل کیلئے بے خوف درخواست دیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سول سوسائٹی، ساہیوال چیمبر، وکلاء اور صحافیوں کے وفود سے بھی ملاقات کی اور ریجنل آفس کے قیام کی غرض و غائت بارے تفصیلی آگاہ کیا۔ سول سوسائٹی کی جانب سے فوری ریلیف کی فراہمی کیلئے ساہیوال میں ریجنل آفس کے قیام کا خیر مقدم کیا گیا۔

www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت، پاکستان کے ہر روزنامے سے زیادہ
ABC CERTIFIED
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
LOCAL EDITION FRIDAY APRIL 11, 2025
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449-5962444 فیکس 5962277
صفحات 10 قیمت 30 روپے
جلد 67 جمعہ 12 شوال المکرم 1446ھ 11 اپریل 2025ء 29 چیت 2081ب نمبر 99

# سرکاری افسران غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں، وفاقی محتسب

## ہر سال عوامی شکایات کی دادرسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، ساہیوال میں علاقائی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ساہیوال میں بھی اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کر دیا۔ گزشتہ روز علاقائی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی دادرسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات میں ریکارڈ اضا

باقی صفحہ 5 نمبر 22

بقیہ 22

### وفاقی محتسب

فہ ہوا، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ حال ہی میں مظفرآباد آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور میرپور خاص (سندھ) میں نئے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے ہیں اور اب ساہیوال میں علاقائی دفتر کے قیام کے بعد ملک بھر کے 25 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ افتتاحی تقریب میں وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے کثیر افراد نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا، وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھے تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت انصاف حاصل کر سکیں۔

ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن
ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
★★★★★★★ اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان، مظفرآباد، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا منفرد قومی اخبار ☎ 2331689-90
چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی
روزنامہ پاکستان اسلام آباد
THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD
جلد: 33 | جمعۃ المبارک 11 اپریل 2025ء 12 شوال المکرم 1446ھ 27 چیت 2081 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 339



ساہیوال، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی علاقائی دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں

# 2024 میں دو لاکھ 23 ہزار شکایات کے فیصلے کیے، اعجاز احمد قریشی

## وفاقی اداروں کے افسران عوام الناس کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں، وفاقی محتسب

ساہیوال (نمائندہ پاکستان) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ساہیوال میں بھی اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کر دیا۔ گزشتہ روز علاقائی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی دادرسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2024 کے دوران عوامی شکایات میں ریکارڈ اضافہ ہوا، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ حال ہی میں مظفرآباد آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور میر پور خاص میں نئے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے ہیں اور اب ساہیوال میں علاقائی دفتر کے قیام کے بعد ملک بھر کے 25 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے ملک کے دور دراز علاقوں تک رسائی بڑھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ اس سال دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر بھی کھولے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی دفاتر کے قیام کا مقصد غریب لوگوں کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنا ہے۔ افتتاحی تقریب میں وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے کثیر افراد نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 2024 کا سال اس حوالے سے انتہائی اہم اور یادگار رہا کہ اس سال ریکارڈ شکایات آئیں اور ریکارڈ فیصلے کیے گئے۔ گزشتہ برس دو لاکھ 26 ہزار 372 شکایات آئیں اور دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کیے گئے۔ شکایات اور فیصلوں میں سال 2023 کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں 126 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔ او سی آر پروگرام کے تحت 171 دوروں کے دوران 4840 شکایات نمٹائی گئیں، جب کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری محکموں کے 79 دورے کیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر کھلی کچہریاں منعقد کر کے عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی شکایات کی دادرسی کرنا ہے، وفاقی محتسب نے وفاقی حکومت کے اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار میں آنے والے سرکاری اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔ وفاقی محتسب نے بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال عام لوگوں کی شکایات کی دادرسی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب میں بیرون ملک پاکستانیوں اور بچوں کی شکایات کے لئے الگ سے شکایات کمشنرز مقرر کیے گئے ہیں۔ گزشتہ سال بیرون ملک پاکستانیوں کی 151897 شکایات پر کارروائی کی گئی۔ انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ میڈیا، وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھے تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت انصاف حاصل کر سکیں۔

www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر، عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | جمعۃ المبارک 12 شوال المکرم 1446ھ 11 اپریل 2025ء 28 چیت 2082ب صفحات:26 قیمت 35 روپے | شمارہ: 22




وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ساہیوال میں ریجنل آفس کا افتتاح کر رہے ہیں
کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید اور ریجنل ایڈوائزری عنائت اللہ دولہ بھی ہمراہ ہیں

# عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا بنیادی نصب العین ہے

اعجاز احمد قریشی

## عوام کا اداروں پر اعتماد بحال کرنا گڈ گورننس کے لئے ضروری ہے اور عوام تک آسان رسائی سے ہی مسائل حل ہونگے

## ساہیوال میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا افتتاح پر گفتگو، کمشنر شعیب اقبال سید، عنائت اللہ دولہ اور دیگر بھی شریک

ساہیوال (چوہدری اشرف سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا بنیادی نصب العین ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا اداروں پر اعتماد بحال کرنا گڈ گورننس کے لئے ضروری ہے اور عوام تک آسان رسائی سے ہی مسائل حل ہونگے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ساہیوال میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ریجنل ایڈوائزر عنائت اللہ دولہ، صدر ساہیوال پریس کلب محمد نعیم شیخ اور ڈپٹی ڈائریکٹر یاسر ملک بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی گیس، میپکو، لیسکو، ریلوے، ایف آئی اے، کسٹمز، نادرا، پاسپورٹ، ای او بی آئی سمیت تمام وفاقی اداروں کے خلاف عوامی شکایات سنی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریلیف کے لئے عوام کو نہ وکیل کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی کوئی فیس ادا کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 25 ریجنل آفسز قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریجنل آفسز کے قیام سے دوردراز علاقوں کے سائلین کو بڑا ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کارکردگی کے حوالے سے بتایا کہ وفاقی محتسب نے سال 2024 میں 2 لاکھ 26 ہزار سے زائد سائلین کو ریلیف پہنچایا اور 93 فی صد درخواستوں پر دادرسی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے نے حکومت پر عوام کے اعتماد کو بحال کیا۔

کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے وفاقی محتسب کو ساہیوال ڈویژن میں عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے اٹھائے گئے انتظامات بارے بتایا۔ ریجنل ایڈوائزر عنائت اللہ دولہ نے کہا کہ ساہیوال ڈویژن کے عوامی مسائل حل کرنے کے لئے ریجنل آفس اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سائلین مسائل کے حل کیلئے بے خوف درخواست دیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سول سوسائٹی، ساہیوال چیمبر، وکلاء اور صحافیوں کے وفود سے بھی ملاقات کی اور ریجنل آفس کے قیام کی غرض و غائت بارے تفصیلی آگاہ کیا۔ سول سوسائٹی کی جانب سے فوری ریلیف کی فراہمی کیلئے ساہیوال میں ریجنل آفس کے قیام کا خیر مقدم کیا گیا۔